Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 16 | پیر، 14 جولائی 2025ء، 18 محرم الحرام 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 111

جعلی موجٹ کا کردار اب عوام کیلئے مذاق بن چکا: عظمیٰ بخاری

جیسے ہی اصل امتحان آتا ہے، گنڈا پور میدان چھوڑ کر بھاگ جاتا ہے، گنڈا پور اچھے بچوں کی طرح لاہور آئیں تو ست بسم اللہ، اسلحہ پاؤ، شعلہ بیانی سوچ کیساتھ آ کیجئے تو ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی

بلوچستان میں بلوچیوں کی شہادت ہو یا سوات کا بٹر اس واقعہ، ان مواقع پر گنڈا پور کی زبان کو تالہ لگ جاتا ہے، ایک طرف کہتے ہیں بانی ڈٹ کر کھڑا ہے، لیکن جب ڈی پی او یا گوشت بند ہو جائے تو چیخ و پکار سے پورا ملک سر پر اٹھا لیا جاتا ہے: وزیر اطلاعات

لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کر رہی ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے یوم شہدائے کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام کی جدوجہد اور قربانیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن صرف ایک تاریخ نہیں، بلکہ کشمیریوں کی بھارتی تسلط کے خلاف جاری عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تحریک آزادی کشمیر آج بھی ڈوگرہ راج جیسے مظالم کا شکار ہے، اور پاکستان کشمیری عوام (بقیہ نمبر 1)

وزارت منصوبہ بندی کی 10 وفاقی فوکل گروپس تشکیل دے دیئے

اپنی تجاویز کو چیلنج سفارشات سے ہم آہنگ کر کے ایک واضح لائحہ عمل تیار کریں

وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال کی وزارتوں کی وزیر صدارت اجلاس

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے وزارت منصوبہ بندی نے 10 وفاقی فوکل گروپس تشکیل دیے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت اسلام آباد میں ایک (بقیہ نمبر 3)

بھارتی آبی جارحیت کیخلاف خصوصی کمیٹی بنانے کا فیصلہ

تمام صوبوں کی مشاورت سے بھارتی آبی جارحیت سے نمٹنے کیلئے قومی پالیسی مرتب کریں گے: احسن اقبال

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے بھارتی آبی جارحیت کے خلاف مشترکہ حکمت عملی کے لیے خصوصی کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال کے مطابق پلاننگ کمیشن (بقیہ نمبر 6)

مون سون سیزن 49 بچوں سمیت 104 شہری جان بحق

413 گھر تباہ ہوئے، سیلاب سے ہونے والی تباہی، مالی اور جانی نقصان کی رپورٹ جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ موسمی پیشن پاکستان کے دوران 26 شہری جاں بحق اور 200 زخمی ہوئے، اب تک 413 گھر تباہ جون سے 12 جولائی تک ملک بھر میں 49 بچوں سمیت 104 ہوئے، اور 111 چارجانور بھی ہلاک (بقیہ نمبر 5)

ساؤتھ فری زون کو 10 میگاواٹ بجلی کی فراہمی شروع

پیکجی قومی گرڈ اسٹیشن سے فراہم کی جارہی ہے، جو 60 ایکڑ پر محیط اس اہم اقتصادی زون کی ضروریات کو پورا کرے گی

گوادر (این این آئی) گوادر پورٹ اور آزاد ساؤتھ فری زون کو پیکجی قومی گرڈ اسٹیشن سے فراہم کی جارہی ہے: جو 60 ایکڑ پر محیط 10 میگاواٹ بجلی کی فراہمی باضابطہ طور پر شروع کر دی گئی ہے۔ اس اہم اقتصادی زون کی ضروریات (بقیہ نمبر 4)

چیئرمین سی ڈی اے چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا پارک روڈ پر قائم سی ڈی اے ماڈل نرسری، سید پور ویلج اور سیلوڈی فوڈ سٹریٹ کا دورہ کر رہے ہیں

عمران خان فیصلہ سازوں کے ساتھ مذاکرات کے لئے تیار ہیں فضل الرحمان اسٹیبلشمنٹ سے ملاہوئے علی امین

بانی PTI کی رہائی "آر یا پار" 90 روزہ تحریک شروع

5 اگست تک مورچے پر لے جائیں گے، تحریک ملک کے ہر کونے میں پہنچے گی اس کے بعد پلان دیں گے ہم نے وہیں پر کچھ کرنا ہے یا پھر ایک جگہ پر جمع ہونا ہے، آر یا پار کریں گے، ہم رہیں یا نہ رہیں

سیاست کا فائدہ نہیں ہے، بہتر ہے ہم سیاست نہ کریں، اپنے حق کے لئے کوئی اور راستہ اختیار کریں، اداروں سے زیادہ سیاست کر رہے ہیں، ریاستی ادارے سخت ہیں، ریاستی ادارے کوئی راستہ اختیار کریں، خدا کی قسم اس ملک میں سب سے زیادہ سیاست ادارے کر رہے ہیں، ریاستی ادارے سخت ہیں، ریاستی ادارے کوئی راستہ اختیار کریں، ہم آر یا پار کریں گے، ہم رہیں یا نہ رہیں کیونکہ سیاست کا فائدہ نہیں ہے، بہتر ہے ہم سیاست نہ کریں، اپنے حق کے لئے جگہ پر جمع ہونا ہے، پھر آر یا پار کریں گے، ہم رہیں یا نہ رہیں کیونکہ سیاست کا فائدہ نہیں ہے، بہتر ہے ہم سیاست نہ کریں، اپنے حق کے لئے کوئی اور راستہ اختیار کریں، اداروں سے زیادہ سیاست کر رہے ہیں، پریس کانفرنس گرفتار ہونے والے کارکنان کو رہا کیا جائے گا، تحریک ملک کے ہر کونے تک پہنچے گی، اس کے بعد پلان دیں گے کہ ہم نے وہیں پر کچھ کرنا ہے یا پھر ایک جگہ پر جمع ہونا ہے، آر یا پار کریں گے، ہم رہیں یا نہ رہیں کیونکہ سیاست کا فائدہ نہیں ہے، بہتر ہے ہم سیاست نہ کریں، اپنے حق کے لئے جائیں گے، تحریک ملک کے ہر کونے تک پہنچے گی، اس کے بعد پلان دیں گے کہ ہم نے وہیں پر کچھ کرنا ہے یا پھر ایک جگہ پر جمع ہونا ہے، آر یا پار کریں گے، ہم رہیں یا نہ رہیں کیونکہ سیاست کا فائدہ نہیں ہے، بہتر ہے ہم سیاست نہ کریں، اپنے حق کے لئے کوئی اور راستہ اختیار کریں، اداروں سے زیادہ سیاست کر رہے ہیں، پریس کانفرنس (بقیہ نمبر 4)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا یوم شہدائے کشمیر پیغام

13 جولائی 1931 کے 22 شہداء سمیت ہر کشمیری شہید کو سلام پیش کرتے ہیں جو ظلم کے خلاف حق کی صدا بنے

یوم شہداء کشمیر صرف محض دن نہیں یہ اقوام متحدہ اور پوری امت مسلمہ کے ضمیر کی صدا ہے: مریم نواز شریف

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے یوم شہداء کشمیر پر اپنے پیغام میں کہا کہ 13 جولائی 1931 کے 22 شہداء سمیت ہر کشمیری شہید کو سلام پیش کرتے ہیں جو ظلم کے خلاف حق کی صدا بنے۔ کشمیر کے شہداء کو 1931 میں ڈوگرہ راج کو للکارا آج بھارتی قابض فوج انہی مظالم کی داستان دہرا رہی ہے۔ ڈوگرہ راج ہو یا آج کی ظالم بھارتی فوج کشمیریوں کے حوصلے (بقیہ نمبر 2)

لاہور: وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا ہمایوں امین گنڈا پور پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

ٹی وی اینکر مہر بخاری کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ زاہد بخاری نے ٹی وی اینکر مہر بخاری کی والدہ ماجدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ (بقیہ نمبر 8)

پنجاب میں پہلی بار بارش کو خودکار پیمانے سے ماپنے کا فیصلہ

واسا کی تمام ایجنسیوں کو آٹومیٹک رین گیج استعمال کرنے کیلئے مراسلہ جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب میں پہلی بار بارش کو خودکار پیمانے سے ماپنے کا فیصلہ کر لیا گیا، اس حوالے سے واسا کی تمام ایجنسیوں (بقیہ نمبر 7)

حمیرا اصغر کے موبائل، ٹیبلٹ اور لیپ ٹاپ سے اہم ڈیٹا مل گیا

اداکارہ نے اپنی ڈائری میں پاسورڈز محفوظ کیے ہوئے تھے، تازہ انکشافات

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے جانے والی اداکارہ حمیرا اصغر کے کیس میں پولیس ڈیفنس فیز 6 میں اپنے فلیٹ میں مردہ پائی ڈیٹیکٹس نے اہم پیش رفت (بقیہ نمبر 2)

کراچی: کاک کون پاکستان کے صدر سید عامر جاوید اور دیگر پریزیڈنٹس کے نشیے کی خاتمہ کٹائی کر رہے ہیں

وزیراعظم کے اعتماد اور ستائش پر اظہار تشکر

وزیراعظم کی حوصلہ افزائی پاور سیکٹر کے ریفارمز کیلئے انتہائی ضروری ہے، اویس لغاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پاور اور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری نے وزیراعظم پاکستان کے اعتماد اور ستائش پر اظہار تشکر کیا ہے۔ ہفتہ کو ایکس (بقیہ نمبر 2)

وزیر توانائی کا وزیراعظم کے اعتماد اور ستائش پر اظہار تشکر

وزیراعظم کی حوصلہ افزائی پاور سیکٹر کے ریفارمز کیلئے انتہائی ضروری ہے، اویس لغاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پاور اور ڈویژن سردار اویس احمد خان لغاری نے وزیراعظم پاکستان کے اعتماد اور ستائش پر اظہار تشکر کیا ہے۔ ہفتہ کو ایکس (بقیہ نمبر 2)

بس کو چکری انٹرچینج کے قریب حادثہ، 5 مسافر جاں بحق، 28 زخمی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی سے لاہور جانے والی بس کو چکری انٹرچینج کے قریب حادثے کا شکار ہوگئی جس کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق اور 28 زخمی ہوگئے۔ موٹروے پولیس کے مطابق مسافر بس راولپنڈی سے لاہور جا رہی تھی، چکری انٹرچینج کے قریب کنٹرول کے باعث بس ڈرائیور سے بے قابو ہو کر بے میں اتر کر الٹ گئی۔ موٹروے (بقیہ نمبر 9)

ملتان/کوہرلال: وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

طیاروں کی سیفٹی کیلئے اہم اقدام

ڈسٹرکٹ اینڈ سٹیشن پوشن و اسٹینڈ لائف اور انوائرنمنٹ پروٹیکشن اتھارٹی متحرک

لاہور کے مختلف علاقوں کو نو برڈ زون بنانے کیلئے "رنگ فینسنگ" کا فیصلہ، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی گرینڈ آپریشن کی ہدایت

لاہور مشرقی بائی پاس، مناواں ہسپتال داہو ری والا، پی کے ایل آئی، چوگی امرسدھو، اچھرہ، چاہ میراں علاقے نو برڈ زون قرار ہوائی اڈوں کے قریب موجود غیر قانونی ذبحہ خانوں، پولٹری فارمز ختم کرنے کا فیصلہ، بکریوں کا بکرا اٹھانے کے قانون اور ضابطوں پر سختی سے عملدرآمد کا حکم

ہوائی اڈوں کے قریب ایسا کوئی کاروبار کرنے کی پابندی ہوگی جس سے پرندوں کے جمع ہونے کا خطرہ ہو، پنجاب حکومت کا حکم نامہ جاری

چمڑا، گتے، چمڑے سے اشیاء بنانے والی کمپنیوں پر ماحولیاتی ضابطوں کا سخت اطلاق، کیلے عام جالوروں کی کھالیں صاف کرنے کے عمل پر پابندی کا دی گئی

ہوائی اڈوں کے قریب کوڑا کرکٹ پھینکنے پر مکمل پابندی ہوگی، ڈھکن والے کوڑے دانوں کا استعمال لازمی قرار دے دیا گیا

ملتان/خانیوال: وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔ این این آئی

صدر ٹرمپ کی ثالثی کی تجویز نے امن کا دروازہ کھولا: وزیر داخلہ

بھارت نے امن سے انکار کر کے جنگی ذہنیت کا ثبوت دیا، وزیر راج کی بندوقیں اور بھارتی ریاست کا تشدد دونوں ایک ہی ظلم کی مختلف شکلیں ہیں

شہداء کے لہو سے اٹھنے والی آزادی کی پکار کو بندوق، قید یا کرفیو سے دبایا نہیں جا سکتا، یہ پکار نسلوں تک زندہ رہے گی

پاکستان کشمیریوں کے حق آزادی کا محافظ ہے، علیمہ بزدار کی اور خاص کی، وفاقی وزیر داخلہ کا یوم شہدائے کشمیر پیغام۔ بہادر کشمیریوں کو خراج عقیدت

اسلام آباد (این ای این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے یوم شہدائے کشمیر پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 13 جولائی 1931 کو اپنے خون کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر کشمیریوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ اپنے بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ آذادن کے احترام میں سینہ تان کر گولیوں کا سامنا کرنے والے 22 کشمیری شہداء کی قربانی کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 13 جولائی 1931 مظلوم کی زبان بند کرنے والے نظام کے خلاف جرمت کشمیر کی پہلی گھنٹی تھی۔ انہوں (بقیہ نمبر 10)

پشاور، سرہ راہ پر ایوانی مولانا فضل الرحمن خیبر پختونخوا کے ضم ہونے کی اطلاع کے جرگے سے خطاب کر رہے ہیں

ٹریلا ڈیم کے اسپل ویز کھولے جا رہے ہیں، ایڈوائزری جاری

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کی صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے دریائے سندھ کے کنارے رہنے والے لوگوں کے لیے وارننگ جاری کی ہے کہ تربیلا ڈیم کے اسپل ویز کھولے جا رہے ہیں، لہٰذا وہ دریا کے قریب جانے سے گریز کریں۔ اتوار کو جاری کردہ پی ڈی ایم اے الرٹ کے مطابق اسپل ویز کو دو بجے، ڈھائی بجے کھولا جائے گا، جس کے نتیجے میں ڈیم سے پانی (بقیہ نمبر 11)

پولیو وائرس آپ کے چاروں جانب موجود ہے، سید مصطفیٰ کمال

ملک بھر سے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی کی تصدیق ہو رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے انسداد پولیو کے حوالے سے منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو وائرس آپ کے چاروں جانب موجود ہے، ملک بھر سے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی کی تصدیق ہو رہی ہے، سال 2025 کے دوران اب تک پولیو کے 14 کیسز کی تصدیق ہوچکی ہے۔ سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ پولیو کے جھٹکے اثرات سے آگاہی کے باوجود (بقیہ نمبر 2)

2025 اور اسکے بعد پاکستان مزید ترقی کرے گا: آئی ایم ایف

بڑھتی ہوئی تجارتی کشیدگی، جغرافیائی سیاسی تقسیم اور عالمی تعاون کی کمزوری عالمی معاشی منظرنامے پر غیر معمولی غیر یقینی صورتحال پیدا کر رہی ہے

مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ اور پاکستان میں ترقی 2025 اور اس کے بعد مزید مضبوط ہونے کی توقع ہے: ہیڈ آئی ایم ایف

اسلام آباد (این این آئی) انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ (آئی ایم ایف) نے آج سے کہ مشرق وسطیٰ، شمالی افریقہ اور پاکستان میں 2025 اور اس کے بعد مزید ترقی کی توقع ہے۔ عالمی مالیاتی فنڈ کے ایشیا پیسفک ڈیپارٹمنٹ کے ہیڈ کیونجی ہیو، ہارٹ کیشن کا نیا چیئرمین میرٹ پر واحد تربیت یافتہ ڈاکٹر خالد متقبول صدیقی نے کہا ہے کہ وفاقی ہارٹ ایجوکیشن کیشن میں ڈی جیز، ایڈوائزر اور ای ڈی سمیت تمام بھرتیاں روک

ہائر ایجوکیشن کمیشن میں تمام بھرتیاں روک دیں خالد مقبول

ہائر ایجوکیشن کا نیا چیئرمین میرٹ پر لگایا جائے گا، وفاقی وزیر تعلیم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم وپیشہ وارانہ تربیت ڈاکٹر خالد متقبول صدیقی نے کہا ہے کہ وفاقی ہارٹ ایجوکیشن کمیشن میں کیش پیٹ کمیشن ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن کے زیر اہتمام ہیڈ کیم انداد کی تقریب (بقیہ نمبر 2)

غیر رسمی تعلیم کے مراکز اور اساتذہ کی تعداد میں اضافہ

ملک بھر میں غیر رسمی تعلیمی مراکز کی تعداد 35 ہزار سے تجاوز کر گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اسٹیٹ ایجوکیشن کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ملک بھر میں گزشتہ برسوں کے مقابلے میں نان فارمل ایجوکیشن میں طلبہ کے اندراج میں 20 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان اسٹیٹ آف ایجوکیشن کی رپورٹ کے سال 2023-24 کی غیر رسمی تعلیم پر مبنی جامع رپورٹ جاری کر دی گئی۔ ملک بھر میں (بقیہ نمبر 6)

لاہور: محنت کش خاتون نے اہل خانہ کا پیٹ پالنے کیلئے لنڈا بازار میں شربت کا سٹال لگا رکھا ہے

خیبر پختونخوا، خاندانی تنازعات پر 2 خاندانوں کے 6 افراد قتل

کرک (این این آئی) کرک کے علاقے سودا گاب میں گھریلو تنازع پر فائرنگ کے نتیجے میں 3 افراد جاں بحق اور 2 زخمی ہو گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جاں بحق افراد میں ایک خاتون اور ایک بچی بھی شامل ہے۔ زخمی ہونے والے 2 بچوں (بقیہ نمبر 5)

پاکستان سٹیزن پورٹل کی سروس صرف اینڈ رائیڈ پر متاثر ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سٹیزن پورٹل میں تکنیکی خرابی پر وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن (ٹیلی کام) کا موقف سامنے آگیا، پاکستان سٹیزن پورٹل کی سروس صرف اینڈ رائیڈ پر متاثر ہے، پاکستان سٹیزن پورٹل کے آئی او ایس اور ویب پورٹل درست کام کر رہے ہیں۔ وزارت آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام نے پاکستان (بقیہ نمبر 7)

وزیراعلیٰ کا اینکر پرسن مہر بخاری کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اینکر پرسن مہر بخاری کی والدہ کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مہر بخاری اور دیگر لواحقین کو دلی خاندہ دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

مسافر کوچ کی کار کو ٹکر، ایک ہی خاندان کے 5 افراد جاں بحق

حادثہ حاصل پور چشتیاں روڈ پر تیز رفتاری کے باعث پیش آیا

بہاولپور (این این آئی) بہاولپور کی تحصیل حاصل پور میں مسافر کوچ کی کار کو ٹکر سے ایک ہی خاندان کے 5 افراد جاں بحق ہو گئے۔ بہاولپور رسکیو کنٹرول کے مطابق بہاولپور سے بہاولنگر جانے والی مسافر کوچ کے سامنے سے آنے والی کار کو ٹکر مار دی، جسکے (بقیہ نمبر 8)

سپریم کورٹ کے آئندہ ہفتے کا جج روسٹر اور کازلسٹ جاری

چیف جسٹس پاکستان آئندہ ہفتے کوئٹہ میں مقدمات کی سماعت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئندہ ہفتے کا جج روسٹر اور کازلسٹ جاری کر دی گئی۔ سپریم کورٹ میں آئندہ ہفتے مقدمات کی سماعت کیلئے چار بنچز تشکیل دیے گئے ہیں، پہلی سیٹ پر اسلام آباد میں دو بنچز، دو بنچز کوئٹہ رجسٹری میں مقدمات کی (بقیہ نمبر 9)

کسی این آر او پر بات نہیں ہوتی ہے، پی ٹی آئی کو مذاکرات کرنے ہیں تو اسپیکر کی میز پر لوٹنا ہوگا، بلوچستان میں

وزیر مملکت برائے داخلہ بیرسٹر طلال چوہدری پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلام آباد (این ای این) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ کسی سیاسی عمل میں نہیں آنا چاہتی، پی ٹی آئی کو مذاکرات کرنے ہیں تو اسپیکر کی میز پر لوٹنا ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ پی ٹی آئی والے دن میں بھڑیں مارتے ہیں اور شام میں پچھلے دروازوں سے منتیں کرتے ہیں، کسی این آر او پر بات نہیں ہو سکتی ہے، سیاسی جماعتوں کو اختلافات بالائے طاق رکھ کر جمہوریت کو مضبوط کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختون خوا حکومت کسی امن وامان کے قیام کے لیے پنجاب کی طرح ادارے (بقیہ نمبر 3)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے باک آواز
ABC WWW.abc.com.pk

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

مہنگائی! ادارۂ شماریات کی چشم کشا رپورٹ

وفاقی ادارۂ شماریات کی جاری کردہ ہفتہ وار رپورٹ کے مطابق ملک میں مہنگائی کی شرح میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس کے نتیجے میں 19 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مزید بڑھ گئی ہیں۔ رواں مالی سال 26-2025ء کے دوسرے ہفتے میں بھی ملک میں مہنگائی کی شرح میں اضافے کا رجحان جاری ہے۔ حالیہ ایک ہفتے کے دوران ملک میں ہفتہ وار مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں 0.95 فیصد اضافہ جبکہ اس سے پچھلے ہفتے بھی 0.73 فیصد اضافہ ہوا تھا۔ اسی طرح حالیہ ہفتے میں سالانہ بنیاد پر مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح 1.23 فیصد رہی ہے۔

ماہ اپریل میں سٹیٹ بنک نے اپنی ایک جائزہ رپورٹ میں مہنگائی میں کمی کا دعویٰ کیا تھا جبکہ ماہ مئی میں گورنر سٹیٹ بنک نے قوم کو یہ بتا کر مطمئن کرنے کی کوشش کی کہ مہنگائی کی موجودہ شرح 60 سال کی کم ترین سطح پر آ گئی ہے۔ طرفہ تماشا یہ ہے کہ ایک طرف سٹیٹ بنک جیسے معتبر ادارے مسلسل مہنگائی کی شرح میں کمی اور معیشت میں بہتری کے دعوے کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب حکومتی سرکاری ادارۂ شماریات اپنی ہفتہ وار رپورٹ میں مسلسل مہنگائی کے بڑھنے کا اعتراف کر رہا ہے۔ مہنگائی کے حوالے سے دونوں ہی ادارے متضاد رپورٹیں پیش کرتے نظر آ رہے ہیں۔ اگر گورنر سٹیٹ بنک کے دعوے پر 60 سال پہلے والی مہنگائی کا موجودہ مہنگائی سے موازنہ کیا جائے تو اس وقت چینی ڈیڑھ دو روپے فی کلو گوشت چھ یا سات روپے فی کلو آٹا ایک روپے فی کلو دستیاب تھا' جبکہ پٹرول بھی ایک دو روپے فی لٹر سے زیادہ مہنگا نہیں ہوگا' اس تناظر میں کیسے دعویٰ کیا جا سکتا ہے کہ مہنگائی کی شرح 60 سال کی کم ترین سطح پر آ گئی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مہنگائی میں کمی کے تمام تر دعوؤں کے باوجود بتدریج اضافہ ہی ہوتا جا رہا ہے' عام آدمی اب بھی مہنگائی کی چکی میں پس رہا ہے۔ گزشتہ روز ادارہ شماریات کی جاری کردہ رپورٹ حکمرانوں اور مہنگائی میں کمی کے دعویدار اداروں کیلئے چشم کشا ہونی چاہیے۔ بہتر ہوگا کہ قوم کو طفل تسلیاں دینے کے بجائے حقائق کا ادراک کرتے ہوئے مہنگائی پر قابو پایا جائے اور عام آدمی کی زندگی میں آسودگی لانے کے عملی اقدامات کئے جائیں۔

چوآ سیدن شاہ میں کلینیکل لیبارٹریز کا معاملہ

سچ نہیں پایا میں میٹھے جھوٹ کا ہنر
کڑوے سچ سے کئی لوگ چھین لیے
بجھ سے

پوسٹ ڈیلیٹ کرنے کی نوبت کیوں آئی بات گرج ہو تو اس پر ہی اڑے رہنا ہے۔ آندھیاں لاکھ چلیں لیوں ہی کھڑے رہنا ہے۔

لیکن یہ واضح رہے کہ ڈیلیٹ کرنے کے پیچھے کو دو جھگی ڈرخوف یا کسی قسم کی بلیک میلنگ نہ تھی اور نہ ضمیر فروشی والا کوئی معاملہ ہے اس سے قبل جب بھی گرانفروشی یا دیگر عوامی مسائل کے لیے جب نشاندہی کی تو کوشش رہی کہ کسی کا نام یا تصویر کو واضح کیے بغیر ہی خبر بریک کی جائے کیونکہ آج نہیں تو کل معاملہ ختم ہو ہی جاتا ہے لیکن ساری زندگی کے لیے ایوے کسی کا نام تصویر سمیت میشن کر کے مجلی یا خاندان میں رسوا نہ کیا جائے مگر یہ فرسٹ ٹائم تھا کلینیکل لیبارٹریز سے متعلقہ مسائل کی نشاندہی کے لیے خبر بریک کرنے کے لیے ساتھ تصویر لگانے کی ضرورت پیش آئی۔

ہم ایک میوچل سوسائٹی میں رہتے ہیں ایک چھوٹی سی تشمیل ہے تقریباً ہر آدمی دوسرے آدمی کے ساتھ تعلق واسطہ یا جان پہچان ہوتی ہے اسلیے ہمارے لیے جرنلزم کرنا باقی شہروں کی نسبت خاصا پیچیدہ ہوتی ہے

اس معاملے میں بھی ہوا کیا تھا کہ پہلے تو چینج نئے پرانے تعلق واسطہ والے یہاں تک جو پاس سے گزرتے ہوئے سلام کرتا بھی اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں وہ اپنے تعلق کو بتانے کے لیے سلفاشی کال کرنا شروع ہو گئے تمام سلفاشی کے بعد پرائیویٹ کلینیکل لیبارٹری کے مالک نے خود پرسنل پر ایڈمٹ کیا کہ فرسٹ ٹائم ہے کہ کیلیکٹ راقم خود تھا ہوگا۔ کے اس دور میں کے ضرورت نہیں ہوتی کہ چار پیسے بچائے جائیں لیکن جائز طریقے سے ناجائز طریقے سے نہیں۔ لیبارٹری کے مالک نے یقین دہانی کروا دی کہ 50 فیصد ڈسکاؤنٹ والا پیٹفلکس کیا صرف بیماریوں اور مالی پریشانیوں میں مبتلا مریضوں کو گھیرنے کے لیے لگا رکھا تو پھر اونکا جواب ملا کہ یہ غریب غرباء کے لیے ڈسکاؤنٹ ہوتا ہے یہ دوسری مکاری پرچتی شیلیک تھی لیکن پھر جب ان سے سوال کیا گیا کہ ہمارے لیے آپ باعث عزت ہیں لیکن آپ کو پھر میشن کرنا چاہیے کہ صرف غریب غرباء کے لیے ڈسکاؤنٹ ہے کم از کم کو سٹیلر پوش انسان یا ڈل طبقہ بھی اس بکاوے میں نہ آئے یہاں پہ زکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ پرائیویٹ کلینیکل لیبارٹری والے دونوں امپلائز نہ مجھے جانتے تھے نہ میں انہیں پرسنلی جانتا تھا کیونکہ بقول ان وہ شہر پکوال سے آتے ہیں اس ناہی میڈیا کے حوالے سے ہی میں نے تعارف کروایا اور نہ میڈیا والا رعب جھاڑا کیونکہ جو بھی تھوڑا کلوز جانتے ہیں وہ بخوبی سمجھتے ہیں کہ میری اتنی کوشش ہوتی ہے کہ سحافت کو اپنے ذاتی مفاد کے لیے استعمال نہ کیا جائے اب چلتے ہیں اب چلتے ادھر ہی جدھر سے بات شروع کی تھی کہ ہمارا ہر پوری تشمیل میں ہر دوسرے بندے کے ساتھ کسی نہ کسی زرائع تعلق واسطہ ہوتا ہے اس لیے ہمیں صحافت کرنا دوسرے شہروں کی نسبت خاصا مشکل ہوتا ہے کیونکہ باقی شہروں میں ہر کو اپنی زندگی کی رہا ہوتا ہے کسی کے خلاف بات کسی کے حق میں خبر لگانے سے انہیں کو فرق نہیں پڑتا یہاں کہ دوست ضرور سوال کریں گے کہ جب قلم کا حق ادا کرنا ہوتا ہے تو پھر قلم بے تعلق واسطہ جان پہچان نہیں دیکھی جاتی۔

سیکھ نہیں پایا میں میٹھے جھوٹ کا ہنر
کڑوے سچ نے کئی لوگ چھین لیے ہم
یہی وجہ جس معاملے کے بارے میں مکمل ثبوت اور حقائق موجود ہوں اسی عوامی مسئلے کو اشمران تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہوں یہی وجہ کہ میرے کہ دوست ناراض ہی رہتے ہیں کہ کسی کی نہیں سنتا

پرائیویٹ کلینیکل لیبارٹری کے مالک نے میرے کافی کلوز جان پہچان والوں سے سلفاشی کا انکر کرانے کے بعد پرسنل پر ایڈمٹ کیا اور پوسٹ ڈیلیٹ کرنے کے ساتھ ساتھ فرسٹ ظاہر کی کہ آپ تھوڑا میشن کر دیں کہ غلط فہمی میں ہوا جو کچھ ہوا۔ لیکن راقم نے واضح کر دیا کہ اگر خبر بریک کی تو میرا ہرگز مقصد یہ نہیں کہ مجھے پیسے واپس ملیں اور نا ہی میں نے لینے ہیں اگر یہ آواز بلند کی تو باقی عوام الناس کے لیے۔ جب انہوں نے یقین دہانی کروا کہ 50 فیصد ڈسکاؤنٹ والا پیٹفلکس کیا صرف کھاتے کو بتانا ضروری ہو گیا ہے

اتنی تفصیل لکھنے کا مقصد یہی ہے کہ میرے اوپر ضمیر فروشی کا کیچ نہ لگے اور کوہ یہ نہ سمجھے کہ کسی قسم کی تھریٹ یا بلیک میلنگ کا معاملہ ہے

اپنے ہاتھوں میں قلم تھامی ہے ہم نے۔
ہوگئی ظلم کی جتنی بھی مزمت، کی ہے۔ تحریر خاور شہزاد

چوآ سیدن شاہ میں کلینیکل لیبارٹریز کا معاملہ پوسٹ ڈیلیٹ کرنے کی نوبت کیوں آء بات گرج ہو تو اس پر ہی اڑے رہنا ہے۔ آندھیاں لاکھ چلیں لیوں ہی کھڑے رہنا ہے

لیکن یہ واضح رہے کہ ڈیلیٹ کرنے کے پیچھے کو دو جھگی ڈرخوف یا کسی قسم کی بلیک میلنگ نہ تھی اور نہ ضمیر فروشی والا کوئی معاملہ ہے

اس سے قبل جب بھی گرانفروشی یا دیگر عوامی مسائل کے لیے جب نشاندہی کی تو کوشش رہی کہ کسی کا نام یا تصویر کو واضح کیے بغیر ہی خبر بریک کی جائے کیونکہ آج نہیں تو کل معاملہ ختم ہو ہی جاتا ہے لیکن ساری زندگی کے لیے ایوے کسی کا نام تصویر سمیت میشن کر کے مجلی یا خاندان میں رسوا نہ کیا جائے مگر یہ فرسٹ ٹائم تھا کلینیکل لیبارٹریز سے متعلقہ مسائل کی نشاندہی کے لیے خبر بریک کرنے کے لیے ساتھ تصویر لگانے کی ضرورت پیش آئی۔

ہم ایک میوچل سوسائٹی میں رہتے ہیں ایک چھوٹی سی تشمیل ہے تقریباً ہر آدمی دوسرے آدمی کے ساتھ تعلق واسطہ یا جان پہچان ہوتی ہے اسلیے ہمارے لیے جرنلزم کرنا باقی شہروں کی نسبت خاصا پیچیدہ ہوتی ہے

اس معاملے میں بھی ہوا کیا تھا کہ پہلے تو چینج نئے پرانے تعلق واسطہ والے یہاں تک جو پاس سے گزرتے ہوئے سلام کرتا بھی اپنی شان کے خلاف سمجھتے ہیں وہ اپنے تعلق کو بتانے کے لیے سلفاشی کال کرنا شروع ہو گئے تمام سلفاشی کے بعد پرائیویٹ کلینیکل لیبارٹری کے مالک نے خود پرسنل پر ایڈمٹ کیا کہ فرسٹ ٹائم ہے کہ کیلیکٹ راقم خود تھا ہوگا۔ کے اس دور میں کے ضرورت نہیں ہوتی کہ چار پیسے بچائے جائیں لیکن جائز طریقے سے ناجائز طریقے سے نہیں۔ لیبارٹری کے مالک نے یقین دہانی کروا دی کہ 50 فیصد ڈسکاؤنٹ والا پیٹفلکس کیا صرف بیماریوں اور مالی پریشانیوں میں مبتلا مریضوں کو گھیرنے کے لیے لگا رکھا تو پھر اونکا جواب ملا کہ یہ غریب غرباء کے لیے ڈسکاؤنٹ ہوتا ہے یہ دوسری مکاری پرچتی شیلیک تھی لیکن پھر جب ان سے سوال کیا گیا کہ ہمارے لیے آپ باعث عزت ہیں لیکن آپ کو پھر میشن کرنا چاہیے کہ صرف غریب غرباء کے لیے ڈسکاؤنٹ ہے کم از کم کو سٹیلر پوش انسان یا ڈل طبقہ بھی اس بکاوے میں نہ آئے یہاں پہ زکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ پرائیویٹ کلینیکل لیبارٹری والے دونوں امپلائز نہ مجھے جانتے تھے نہ میں انہیں پرسنلی جانتا تھا کیونکہ بقول ان وہ شہر پکوال سے آتے ہیں اس ناہی میڈیا کے حوالے سے نہ ہی میں نے تعارف کروایا اور نہ میڈیا والا رعب جھاڑا کیونکہ جو بھی تھوڑا کلوز جانتے ہیں وہ بخوبی سمجھتے ہیں کہ میری اتنی کوشش ہوتی ہے کہ سحافت کو اپنے ذاتی مفاد کے لیے استعمال نہ کیا جائے اب چلتے ہیں اب چلتے ادھر ہی جدھر سے بات شروع کی تھی کہ ہمارا ہر پوری تشمیل میں ہر دوسرے بندے کے ساتھ کسی نہ کسی زرائع تعلق واسطہ ہوتا ہے اس لیے ہمیں صحافت کرنا دوسرے شہروں کی نسبت خاصا مشکل ہوتا ہے کیونکہ باقی شہروں میں ہر کو اپنی زندگی کی رہا ہوتا ہے کسی کے خلاف بات کسی کے حق میں خبر لگانے سے انہیں کو فرق نہیں پڑتا یہاں کہ دوست ضرور سوال کریں گے کہ جب قلم کا حق ادا کرنا ہوتا ہے تو پھر قلم بے تعلق واسطہ جان پہچان نہیں دیکھی جاتی۔

سیکھ نہیں پایا میں میٹھے جھوٹ کا ہنر
کڑوے سچ نے کئی لوگ چھین لیے ہم
یہی وجہ جس معاملے کے بارے میں مکمل ثبوت اور حقائق موجود ہوں اسی عوامی مسئلے کو اشمران تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہوں یہی وجہ کہ میرے کہ دوست ناراض ہی رہتے ہیں کہ کسی کی نہیں سنتا

پرائیویٹ کلینیکل لیبارٹری کے مالک نے میرے کافی کلوز جان پہچان والوں سے سلفاشی کا انکر کرانے کے بعد پرسنل پر ایڈمٹ کیا اور پوسٹ ڈیلیٹ کرنے کے ساتھ ساتھ فرسٹ ظاہر کی کہ آپ تھوڑا میشن کر دیں کہ غلط فہمی میں ہوا جو کچھ ہوا۔ لیکن راقم نے واضح کر دیا کہ اگر خبر بریک کی تو میرا ہرگز مقصد یہ نہیں کہ مجھے پیسے واپس ملیں اور نا ہی میں نے لینے ہیں اگر یہ آواز بلند کی تو باقی عوام الناس کے لیے۔ جب انہوں نے یقین دہانی کروا کہ 50 فیصد ڈسکاؤنٹ والا پیٹفلکس بنا دیں گے اور آئندہ ایسی کوئی شکایت بھی نہیں ملے تو خبر لگانے کا مقصد اصلاح تھا تو پرائیویٹ کلینیکل لیبارٹری کے مالک نے یقین دہانی کروا تو اس لیے پوسٹ کو ہٹانا ضروری ہو گیا ہے

اتنی تفصیل لکھنے کا مقصد یہی ہے کہ میرے اوپر ضمیر فروشی کا کیچ نہ لگے اور کوہ یہ نہ سمجھے کہ کسی قسم کی تھریٹ یا بلیک میلنگ کا معاملہ ہے

اپنے ہاتھوں میں قلم تھامی ہے ہم نے۔
ہوگئی ظلم کی جتنی بھی مزمت، کی ہے۔

شوبز SHOWBIZ

علیزے شاہ کا شادی شدہ مرد فنکاروں پر طنزیہ وار

انسٹاگرام پوسٹ میں شوبز انڈسٹری کے رازوں سے پردہ اٹھانے کی کوشش

کراچی (این این آئی) اداکارہ علیزے شاہ اپنے دبنگ تبصروں کیلئے شادی شدہ مرد اداکاروں کے دوہرے رویے پر تنقید کے تیر چلاتے ہیں۔ نوجوانی میں علم پھر اسٹار سے اپنے کیریئر کا آغاز کرنے والی علیزے شاہ نہ صرف ایک اچھی اداکارہ ہے جانی جاتی ہیں بلکہ بیباک انداز اور گرکرانے دینے کی وجہ سے بھی انڈسٹری کا حصہ ہیں۔ حالیہ دنوں میں علیزے نے کچھ زیادہ ہی بے باک ہوئی اور خمیز انڈسٹری کے پوشیدہ پہلوں سے پردہ اٹھانی نظر آ رہی ہیں۔ اپنی ایک انسٹاگرام اسٹوری میں علیزے شاہ نے لکھا "شادی شدہ مرد اداکاروں کی ایک بڑی تعداد شادی کی لگوٹی کو صرف ایک فیشن ایکسٹنسری سمجھتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ اس معاملے میں زیادہ کھلی بولنا چاہتیں کیونکہ یہ ان کا مسئلہ نہیں۔ تاہم ان کے اس بیان نے ماحول اور انڈسٹری کے اندر ایک نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ سوشل میڈیا صارفین کی رائے ملی جلی ہے۔ کچھ لوگ علیزے شاہ کے اس بیان کو سراہ رہے ہیں کہ انہوں نے دوہرے معیار رکھنے والے افراد کو بے نقاب کیا۔

ادا کارہ صبور علی نے دلکشی کی تمام حدود پار کر دیں

صبور علی نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ پر اپنی خوبصورت تصاویر شیئر کی ہیں

کراچی (این این آئی) اداکارہ صبور علی نے ایک خوبصورت فوٹو شوٹ میں دیدہ زیب لباس اور اس کے ساتھ تمام لوازمات پورے کر کے دلکشی کی انتہا کر دی ہے۔ محمود آباد کی ملکائیں، بے

میرا جی اور شان کی بڑے پردے پر واپسی، پہلی جھلک جاری

میرا نے اپنی اگلی فلم کی پہلی جھلک سوشل میڈیا کی زینت بنا کر سب کی توجہ حاصل کر لی



لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ میرا نے فلم اسٹار شان شاہد کے ساتھ اپنی اگلی فلم کی پہلی جھلک سوشل میڈیا کی زینت بنا کر سب کی توجہ حاصل کر لی۔ میرا پاکستانی فلم انڈسٹری کا ایک ایسا نام ہیں جنہوں نے اپنی اداکاری سے زیادہ اپنی فوٹی پھولی انگریزی سے شہرت حاصل کی۔ میرا نے بطور اداکارہ اپنے فلمی سفر کا آغاز 1995 میں فلم کانٹا سے کیا تھا۔ 1996 میں میرا کی دوسری فلم چنبے صاحب ریلیز ہوئی جس کی کامیابی کے بعد میرا کے بعد دیگر فلموں میں دکھائی دینے لگیں۔ انہوں سال 2005 میں ماں وڈ ڈبوہ دیتے ہوئے عالیہ بھٹ کی والدہ وہ اینکارہ سونی رزدان کی فلم "نظر" میں کام کیا۔ میرا کچھ عرصے سے میڈیا لائم لائٹ سے کوسوں دور تھیں لیکن اب واپس آنہوں نے سوشل میڈیا پر اپنی موجودگی کا احساس دلواتے ہوئے انسٹاگرام پر ریلس پوسٹ شیئر کرنی شروع کر دی ہیں جو اگلی اگلی فلم کے حوالے سے انکشافات کر رہی ہیں۔ اداکارہ نے جولائی کے آغاز پر ہی یہ انکشاف کیا تھا کہ اگلی اگلی فلم جلد آنے والی ہے اور اگلی اسکرپٹ والی وڈ کے دبنگ خان سلمیٰ سلمان خان نے پڑھی ہے۔

SPORTS سپورٹس

ڈپریشن کی وجہ سے کام سے وقفہ لیا، نوشین شاہ کا اعتراف

نوشین شاہ نے حال ہی میں نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ نوشین شاہ نے محنت اور بہادری سے اپنی اداکاری کے سائل پر بات کی اور کام سے وقفہ لینے کے بعد اب دوبارہ کام پر لوٹنے کا عندیہ بھی دے دیا۔ نوشین شاہ کا شمار پاکستان کی باہمت اداکاراں میں کیا جاتا ہے جنکی وجہ سے کہ یہ مثال اداکاری اور دیدہ زیب شخصیت کی وجہ سے بھی اکثر چرچے میں رہتی ہیں۔ حال ہی میں انہوں نے ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں شرکت کی۔ جہاں انہوں نے اپنی ذاتی زندگی کے کئی پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے بتایا کہ وہ ڈپریشن کا شکار ہو گئی تھیں اور اس وجہ سے انہوں نے کام سے وقفہ لیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ڈپریشن کا شکار ہونا کوئی شرم کی بات نہیں ہے اور میں نے اس سے نکلنے کی کوشش کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ اس وقت بہتر محسوس کر رہی ہیں اور کام پر واپسی کے لیے تیار ہیں۔ نوشین شاہ کا شمار پاکستان کی باہمت اداکاراں میں کیا جاتا ہے جنکی وجہ سے کہ یہ مثال اداکاری اور دیدہ زیب شخصیت کی وجہ سے بھی اکثر چرچے میں رہتی ہیں۔ نوجوانی

پی بی ایل سیزن 15 کا شیڈول جاری، 44 میچز کھیلے جائینگے

شاہین آفریدی، بابر اعظم بھی ایکشن میں نظر آئیں گے

لاہور (این این آئی) آسٹریلیا کی مشہور زمانہ بگ بیش لیگ (بی بی ایل) کے 14 ویں ایڈیشن کا مکمل شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔ جس کے تحت مجموعی طور پر 44 میچز کھیلے جائیں گے۔ لیگ میچز 14 دسمبر 2025 سے شروع ہو کر 25 جنوری 2026 تک جاری رہیں گے۔ شائقین کرکٹ کے لیے خوشخبری یہ ہے کہ ہر رات کرکٹ ایکشن ہوگا، صرف کرکس کی شام اور دن کے وقت میچز نہیں ہوں گے۔ فورٹ مندٹ کا آغاز ایک زبردست اور انتہائی دلچسپ مقابلے سے ہوگا، جب پرتھ اسکارچرز اور سڈنی سکسرز کی ٹیمیں کوئینز پارک اوول میں آمنے سامنے ہوں گی۔ افتتاحی میچ کو خاص بنانے والی بات یہ ہے کہ پاکستان کے بابر اعظم بی بی ایل کی تاریخ میں پہلی بار بی بی ایل میں ملبورن ہوں گے۔ جو سڈنی سکسرز کی نمائندگی کریں گے۔ مزید سنسنی خیز لمحوں میں وقت دیکھنے کے لیے کامبجا بابر اعظم کی ٹیم سڈنی سکسرز کا مقابلہ برسبین ہیٹ سے ہوگا، جس میں پاکستان کے اسٹار فاسٹ بلر شاہین شاہ آفریدی ایکشن میں نظر آئیں گے۔ شاہین آفریدی اس سال کے بی بی ایل ڈرافٹ میں نمبر 1 پک تھے اور برسبین ہیٹ کی فاسٹ بولنگ لائن اپ کا اہم حصہ ہوں گے۔ بی بی ایل کے ایکشن سے اس سیزن کو کھیر کے لیے مزید پرکشش بنانے کی غرض سے ایسا شیڈول تیار کیا گیا ہے۔

پی سی بی کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس، کرکٹ کے فروغ کیلئے فیصلے

مالی برس 2025-26 کے بجٹ تخمینہ جات کی اتفاقی رائے سے منظوری دی گئی

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی کی زیر صدارت پی سی بی کے بورڈ آف گورنرز کا 78 واں اجلاس ہوا۔ جس میں مالی برس 2025-26 کے بجٹ تخمینہ جات کی اتفاقی رائے سے منظوری دی گئی۔ چیف فنانشل آفیسر جاوید مرتضیٰ نے بجٹ کے اہم خدوخال پر بریفنگ دی، ممبر بورڈ آف گورنرز اور انٹرنیشنل کوآپریشن کے اجلاس کے اختتام پر رہائے خیر کرائی۔ بورڈ آف گورنرز کے ممبران کلثوم عباس، سجاد علی کھوکھر، عظمت اللہ، طارق سرور، چیف آپریٹنگ آفیسر ظہیر بابر، چیف ایگزیکٹو آفیسر پی سی بی ایس ایم سلمان، چیف ہوڈ آپریشنز میڈیا اینڈ ایکسٹرنل افیئرز ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کرکٹ عبداللہ خرم نیازی اور ہیڈ ویمنز کرکٹ رافیہ حیدر نے اجلاس میں شرکت کی۔

مانیٹر کیا جائے گا۔ اجلاس میں مالی سال 2024-25 کے بجٹ استعمال پر اطمینان کا اظہار کیا گیا اور گزشتہ بورڈ میٹنگ کے فیصلوں کی تعمیل بھی کی گئی۔ چیف فنانشل آفیسر جاوید مرتضیٰ نے بجٹ کے اہم خدوخال پر بریفنگ دی، ممبر بورڈ آف گورنرز اور انٹرنیشنل کوآپریشن کے اجلاس کے اختتام پر رہائے خیر کرائی۔ بورڈ آف گورنرز کے ممبران کلثوم عباس، سجاد علی کھوکھر، عظمت اللہ، طارق سرور، چیف آپریٹنگ آفیسر ظہیر بابر، چیف ایگزیکٹو آفیسر پی سی بی ایس ایم سلمان، چیف ہوڈ آپریشنز میڈیا اینڈ ایکسٹرنل افیئرز ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کرکٹ عبداللہ خرم نیازی اور ہیڈ ویمنز کرکٹ رافیہ حیدر نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 1

کی سفارش، اعلانات اور سیاسی حمایت حاصل کرنا ہے۔ گاہے گاہے بخاری نے وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کے چالیہ دورہ وہاں پر سخت تنقید کی ہوئے کہا کہ وہ مکمل کیپمین فی اور پروٹوکل کے ساتھ پی ٹی وی پر آرہے، لیکن جاتے ہیں تو خیبرپختونخوا میں ایک طرف سڑکیں اور ٹوٹھل اٹھوا دیں گے شاید انہیں خبر نہیں ہوتی۔ انہوں نے کہا کہ اگر کنڈاپور پر احسان جتانے کی طرح اپنے صوبے وزیراعظم کے ساتھ استقبال کیا جائے تو کیا ہم کیسے کام کریں گے تو حکومت قانون کے مطابق سخت کارروائی کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ "ہم نے کہا ہے کہ اگر کنڈاپور کے پروٹوکل کو ختم کرنا ہے تو ختم کریں، لیکن جاتے ہیں تو خیبرپختونخوا کے لوگوں کو کیوں تنگ کر رہے ہیں؟ کیا یہ کوئی طریقہ ہے؟ کنڈاپور کو اسلام آباد میں ہی ہونا چاہئے تھا۔ ہم نے کہا کہ

کم از کم اجرت چالیس ہزار روپے مقرر کرنے کے دعوے ٹھس

تنگدست لوگوں کے سامنے سرکاری اداروں کے افسران کھل بے بس کھائی دینے لگے

چوآ سیدن شاہ اور گردوخواح میں بیشتر پٹرول پمپس پر عملہ کی تنخواہیں تاحال پندرہ سے بیس ہزار تک محدود

چوآ سیدن شاہ (نامہ نگار خصوصی) حکومت کی جانب سے اگر کم از کم اجرت چالیس ہزار روپے مقرر کرنے کے دعوے زبانی طور خرچ تک محدود دکھائی دینے لگے ہیں اور یوں لگتا ہے جیسے محکمے کے سامنے شاہ اور گردوخواح میں بیشتر پٹرول پمپس پر موجود عملے کی تنخواہیں تاحال پندرہ سے بیس ہزار روپے تک محدود ہیں اور حکومت کی طرف سے اگر کوئی ٹھوس فیصلہ نہ کیا گیا تو یہ مسئلہ مزید سنگین صورت اختیار کر سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق پٹرول پمپس پر کام کرنے والے ملازمین کو کم از کم اجرت کے مطابق تنخواہ دینے کے دعوے کیے گئے تھے مگر زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں۔ کئی ملازمین کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے اس دور میں پندرہ سے بیس ہزار روپے میں گھر کا خرچ چلانا ناممکن ہو چکا ہے، جبکہ کئی ملازمین کا کہنا ہے کہ انہیں مقررہ تنخواہ کے بجائے دیہاڑی پر رکھا گیا ہے اور ان کو مستقل ملازمت کا کوئی تحفظ حاصل نہیں۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ پٹرول پمپس پر کام کرنے والے ملازمین کو اکثر اوقات کام کے دوران زہریلے بخارات اور دھوئیں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، مگر انہیں نہ تو کوئی طبی سہولت دی جاتی ہے اور نہ ہی حفاظتی آلات فراہم کیے جاتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر حکومت واقعی مزدور دوست پالیسی اپنانا چاہتی ہے تو اسے صرف اعلان نہیں بلکہ عملی اقدامات کرنے ہوں گے۔ مقامی سماجی کارکنان کا کہنا ہے کہ اگر حکومت نے فوری طور پر کم از کم اجرت کا نفاذ یقینی نہ بنایا اور خلاف ورزی کرنے والے پمپس مالکان کے خلاف کارروائی نہ کی گئی تو یہ مسئلہ مزید سنگین صورت اختیار کر سکتا ہے۔ عوامی حلقوں کا مطالبہ ہے کہ حکومت فوری طور پر ان پمپس کا معائنہ کرے اور ملازمین کو ان کے حقوق دلوانے کے لیے عملی اقدامات کرے۔

حکومت کا ایف سی کو ملک گیر فیڈرل فورس بنانے کا فیصلہ

فیڈرل کابینہ کے قیام سے ملکی داخلی سلامتی اور امن وامان کے قیام میں خاطر خواہ مدد ملے گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت کا فرنٹیئر کانسٹبلری کو ملک گیر فیڈرل فورس میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ فے ٹی وی کے مطابق وفاقی حکومت نے فرنٹیئر کانسٹبلری (ایف سی) کو فیڈرل کابینہ کے قیام سے ملکی داخلی سلامتی اور امن وامان کے قیام میں خاطر خواہ مدد ملے گی۔ ایف سی کو ملک گیر فیڈرل فورس میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ایف سی کو ملک گیر فیڈرل فورس میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ فے ٹی وی کے مطابق وفاقی حکومت نے فرنٹیئر کانسٹبلری (ایف سی) کو

لاہور: پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی کا ایلکٹرونیکی خوبصورتی کے لیے سنٹی میں مختلف رنگوں کے پھاروں کے لگنے جا رہا ہے۔

پی آئی اے کا عالمی ریکارڈ 63 سال سے قائم

دنیا کی تیز ترین کمرشل پرواز کا اعزاز اب بھی برقرار ہے

کراچی (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) نے دنیا کی تیز ترین کمرشل پرواز کا ریکارڈ 1962 میں قائم کیا تھا، جو آج 63 سال بعد بھی ناقابل شکست ہے۔ یہ تاریخی پرواز لندن ہیتھرو سے کراچی تک صرف 6 گھنٹے، 43 منٹ، اور 51 سیکنڈ میں مکمل ہوئی۔ پرواز کے کپتان عبدالقادر بیگ تھے، اور اس دوران طیارے (بقیہ نمبر 3 0)

اسلحے کی نمائش پر پی ٹی آئی رہنما خالد گجر کا بیٹا گرفتار

ملزم عادل بٹ پی ٹی آئی قافلے کے استقبال کے موقع پر اسلحہ کی نمائش کر رہا تھا، پولیس

راولپنڈی (این این آئی) پولیس نے غیر قانونی اسلحے کی نمائش پر پی ٹی آئی رہنما خالد گجر کے بیٹے کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم عادل غیر قانونی اسلحہ کی نمائش کر رہا تھا۔ پولیس کا کہنا راے وٹ (این این آئی) پولیس نے غیر قانونی اسلحے کی نمائش پر پی ٹی آئی قافلے کے استقبال کیلئے اسلحہ کی نمائش کر رہا تھا، ملزم سے غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ پولیس نے غیر قانونی اسلحہ کی نمائش کر رہا تھا۔ پولیس کا کہنا

اسلام آباد: صدر آزاد جموں کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے صدارتی سٹیئر برائے پورٹی فوجین چوہدری شمیر احمد ملاقات کر رہے ہیں

زمین کے تنازعہ پر 2 بھائی قتل، تیسرا بھائی وچ چاشدید زخمی

متقولین کی تدفین پر آتے ہوئے کار سوار 5 رشتہ دار جاں بحق اور تین شدید زخمی ہو گئے، زخمی ہسپتال منتقل

ڈی پی او میانوالی کا نوٹس لیتے ہوئے زخمیوں کو بہتر علاج معالجہ کی سہولیات اور ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم

سرگودھا (سٹرک رپورٹر) زمین کے تنازعہ پر مسلح افراد نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ایک ہی خاندان کے 2 افراد قتل اور تیسرا بھائی وچا اور دوست 3 افراد کو ہسپتال منتقل کر دیا جن میں متقولین کی تدفین پر شدید زخمی کر دیا جن میں متقولین کی تدفین پر آتے ہوئے کار سوار پانچ رشتہ دار جاں بحق اور تین شدید زخمی ہو گئے۔ ان واقعات کے دنیوں میانوالی سرہاب والا (بقیہ نمبر 3)

برج احمد خان کی واٹر سپلائی آئے روز لیکج کا شکار

ملازمین کی غفلت سے عوام پریشان اسسٹنٹ کمشنر سے اصلاح احوال کا مطالبہ

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس) تحصیلات کے مطابق تحصیل پنڈ دادنخان کی یونین کونسل چکھالہ کے علاقہ برج احمد خان کی واٹر سپلائی سکیم کی پرانی پائپ لائن ناکارہ ہونے کے باعث آئے روز لیکج کے باعث شہریوں کی بڑی پریشانی کا سبب بنی ہوئی ہے متعلقہ ذمہ داران کی بار بار توجہ مبذول کرانے کے باوجود عارضی جوڑ پیگاؤ کر دی اپنی ذمہ داریاں سمجھ رہے ہیں۔ واں بھچراں اسسٹنٹ کمشنر پنڈ دادنخان نادیہ پروین نے نوٹس لیتے (بقیہ نمبر 4)

پنڈ دادنخان، ساون روڈھ گیا بادل گریزاں ہیں

ڈنڈوت سیمنٹ فیکٹری سے اٹھنے والی پولیوشن نے تباہی و برباد پھیر دی

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس) تحصیل پنڈ دادنخان کی یونین کونسل کسیالی کڑہ میں کول پور ساون کیوں روڈ اور بادل کیوں گریزاں ہیں ان کی دعوت پر آنگور جیالے تو اپنے محسوس کر کے دیکھیں کے کہ کرشر کی مشینری سے اٹھنے والی پولیوشن نے تباہی و برباد کر دی ہے۔ زمین کی تباہی کے ساتھ ساتھ فصلوں کو بھی نقصان پہنچا رہا ہے۔ موسم کی تبدیلی پر غور کریں تو اب حیران کن طور پر دیکھیں گے کہ علاقہ جالب کا کچھ حصہ ہے اور علاقہ شمل کا کچھ حصہ بارش اور ساون سے مستفید ہو رہا ہے کو کہ وہاں بھی بارش کا تناسب پہلے کی طبعت پر ہے۔ ساون گھٹتا چلا جا رہا ہے موسم کی تبدیلی پر غور کریں تو اب حیران کن طور پر دیکھیں گے کہ

گرجا لنگ روڈ اور شکستہ پل نے عوام کی زندگی مشکل بنا دی

بارش میں آمدورفت بند، مریض وطلباء پریشان، اسکول اور صحت مرکز کی بھی کمی

راولپنڈی (عمیدالرحمان) تحصیل اسلام آباد ایئرپورٹ کے قریب گرجا لنگ روڈ اور چھپریاں کے ذریعے پل کی خستہ حالی عوام کے لئے شدید اذیت بن گئی۔ سڑک کی ٹوٹ پھوٹ اور پل کے شکستہ ہونے سے چھپریاں، مجلو، کورک، رمضان سٹی اور دیگر بستیاں کے مکینوں کی آمدورفت میں مشکلات پیدا ہو چکی ہیں۔ بارش کے دوران پانی پل کے (بقیہ نمبر 3 7)

فوری ضرورت

ABC عوام کی سچی صحافت کیلئے

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

لاہور: صوبائی وزیر صحت وتبشیر میں کابینہ کیلئے برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی خواجہ سلمان رفیق پی ڈی ایم اے کے ہیڈ آفس میں موسمی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈی آئی جی اسلام آباد کا ایف سکس خدمت مرکز کا دورہ

پولیس افسران کو موثر سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے احکامات جاری

اسلام آباد (این ای این) ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے ایف سکس خدمت مرکز کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے شہریوں کو درپیش والی سہولیات کا جائزہ لیا، پولیس افسران کو موثر سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے اور شہریوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد (بقیہ نمبر 3 9)

ہفتہ وار بازاروں میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے موثر اقدامات

ڈیوٹی پر مامور افسران کو فرائض منصبی بہتر طریقے سے سرانجام دینے بارے بریفنگ

اسلام آباد (این ای این) اسلام آباد ٹریفک پولیس کے ہفتہ وار بازاروں میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لئے موثر اقدامات بہتر افسران نے بازاروں کا دورہ کیا ٹریفک کی روانی کا جائزہ لیا اور بازار ڈیوٹی پر مامور ٹریفک کیپٹن ریٹائرڈ سید ذیشان حیدر کی خصوصی ہدایات کی روشنی (بقیہ نمبر 4 0)

سابھوال، خاتون نے 2 بچوں سمیت ٹرین کے سامنے آکر خودکشی کر لی

سابھوال (این این آئی) سابھوال میں ماں نے 2 بچوں سمیت ٹرین کے سامنے آکر خودکشی کر لی۔ رسکیو حکام کے مطابق خودکشی کا واقعہ جمال روڈ ریلوے پھاٹک کے قریب پیش آیا ہے، جہاں بچنے والی خاتون اور بچوں کی لاشیں اسپتال منتقل کر دی گئی ہیں تاہم ابھی تک خودکشی کی وجہ سامنے نہیں آسکی۔ پولیس حکام کے مطابق تحقیقات شروع کی جی ہیں تاہم ابتدائی طور پر خاتون کے اس اقدام کی وجہ معلوم نہیں ہو سکی۔

یمن، نغمز میں خوشیوں کا دھاگا گولہ پھٹنے سے پانچ بچے جاں بحق

صنعا (این این آئی) یمن کے شہر نغمز کے شمالی علاقے میں واقع تحصیل اتھوبہ سے محلے العشبہ میں پیش آنے والے ایک اندوہناک واقعے میں پانچ بچے اس وقت جاں بحق ہو گئے جب وہ گھر کے باہر کھیلتے ہوئے ایک ناکارہ گولے سے کھیلنے لگے۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ المسوناک واقعہ اس وقت پیش آیا جب یہ بچے اپنے گھر کے سامنے صمیل الدور نامی علاقے میں کھیل رہے تھے۔ اس دوران انہوں نے ایک پرانا گولہ دیکھا جو حوثی گروپ کی طرف (بقیہ نمبر 3 2)

پاکستان کشمیری عوام کی حمایت جاری رکھے گا

صدر پاکستان

پاکستان حق خودارادیت ملنے تک کشمیری بھائیوں کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، وزیراعظم

ٹرمپ کی ثالثی کی تجویز نے ان کا دروازہ کھولا، بھارت نے انکار کر کے یہ دروازہ خود بند کیا، محسن نقوی، مجاہدانے کشمیر کو خراج تحسین پیش

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے آج یوم شہدائے کشمیر کے موقع پر کشمیری شہدا کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے آزادی کی جدوجہد کے لیے ڈٹ جانے والوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان تسلہ کے خلاف (بقیہ نمبر 4 5)

سرگودھا، ڈی پی او نے تھانوں کے ایس ایچ او تبدیل کر دیئے

سرگودھا (این این آئی) ڈی پی او نے تھانوں کے ایس ایچ او تبدیل کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق ڈی پی او محمد صہیب اشرف نے تھانوں کے ایس ایچ او کے تقرر وتبادلے کے احکامات جاری کرتے ہوئے انسپکٹر محمد علی کو تھانہ جھال چکیاں سے ایس ایچ او تھانہ کرنڈ، انسپکٹر ذکریا کو پولیس لائن سے ایس ایچ او بھاگتانوالہ، انسپکٹر اقبال کو ڈسٹرکٹ ایونٹی برانچ سے ایس ایچ او تھانہ صدا شہید تعینات اور انسپکٹر شاہد جرل کو ایس ایچ او تھانہ صدا شہید فی الاسٹاف لیکن برانچ لگا دیا ہے۔

اسلام آباد راجڑی کی وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کا اہم رکن گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے راجڑی کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کا اہم رکن گرفتار کر کے کھیتی کی نفری اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسٹولن موبائل فون برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں راجڑی کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کے انسداد کیلئے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ نرون پولیس ٹیموں نے جدید تکنیکی اور انسانی ذرائع کو (بقیہ نمبر 4 7)

غزہ میں 24 گھنٹوں کے دوران 141 فلسطینی جاں بحق

شہدا میں 33 ایسے افراد بھی شامل ہیں جو امداد کے منتظر تھے، فلسطینی طبی ذرائع

غزہ (این این آئی) غزہ میں اسرائیلی جارحیت کا سلسلہ تاحال جاری ہے، جہاں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف حملوں میں کم از کم 141 فلسطینی جاں بحق ہو گئے۔ فلسطینی طبی ذرائع کے مطابق شہدا میں 33 ایسے افراد بھی شامل ہیں جو امداد کے منتظر تھے۔ اسرائیلی فضائیہ نے خان یونس کے مشرب میں واقع علاقے میں اپنا تاحال اسرائیل کے قریب ایک کیمرہ لگا دیا، جس کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ اسرائیلی فوج نے جنوبی غزہ (بقیہ نمبر 4 8)

پی ٹی آئی نے احتجاج نہیں انتشار کا کال دی ہے، فرح ناز اکبر

عوام نے انتشاری ٹولے کو مسترد کر دیا ہے، منفی، من گھڑت خبریں پھیلانے والوں کو ماضی کی طرح پھر شرمندگی ہوگی

اتحادی قوم کے ساتھ حکومتی حمایت میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں، مسلم لیگی رہنماء پارلیمانی سیکرٹری تعلیم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد شہید خواتین اتھارٹی کے صدر ورکن قومی اسمبلی ودفاقی پارلیمانی سیکرٹری تعلیم و پروفیشنل ٹریننگ ڈگری وسٹرکچر ناز اکبر نے جاری اپنے بیان میں کہا ہے پی ٹی آئی نے احتجاج نہیں انتشار کی کال دی ہے، پاکستان جب بھی تیز ترقی کے راستے پر گامزن ہوتا ہے اور اسے غیر مستحکم کرنے کیلئے مفاد پرست ٹولہ اپنے غیر ملکی آقاؤں کے ایماء پر انتشار اور احتجاج شروع کر دیتا ہے جو ان کا پرانا وطیرہ رہا ہے لیکن عوام اب مزید بے وقوف بننے کیلئے تیار نہیں وہ انتشاری ٹولے کی احتجاج (بقیہ نمبر 4 9)

مریدکے کے وفاقی وزیر قانون ڈاکٹر رانا تنویر حسین کا آمد پر استقبال کیا جا رہا ہے۔

ایس پی انویسٹی گیشن کشمور محمد مراد گھانگھرو کا سرپرائز دورہ

کچے کی پولیس پکٹس کا معائنہ نفری اور سہولیات کی جانچ ضروری احکامات جاری

کشمور (سید رشید احمد شاہ) ضلع کشمور پولیس ایس پی انویسٹیگیشن کشمور محمد مراد گھانگھرو کا سرپرائز دورہ کچے کی پولیس پکٹس کا معائنہ نفری اور سہولیات کی جانچ ضروری احکامات جاری ایس پی کشمور جناب زبیر شیخ احمد شیخ کی خصوصی ہدایات پر ایس پی (بقیہ نمبر 5 1)

سب ڈویژن سوہاوہ کے میٹر ریڈر غریب عوام کو چونا لگانے لگے

مرضی کے کنوٹ ڈال کر شہریوں کو نان پروٹیکٹڈ لسٹ میں شامل کرنے کا سلسلہ جاری

کوجر خان (فرخزاد) سب ڈویژن سوہاوہ کے میٹر ریڈر غریب عوام کو چونا لگانے لگے، من مرضی کے کنوٹ ڈال کر شہریوں کو نان پروٹیکٹڈ لسٹ میں شامل کر کے میٹر ریڈر اشرافیہ کو خوش کرنے کا سلسلہ جاری، تفصیلات کے مطابق سب ڈویژن آبکھو سوہاوہ کے میٹر ریڈر دن دیہاڑے عوام کو چونا لگانے لگے، پروٹیکٹڈ صارفین کے بجلی بلوں میں من مرضی کے کنوٹ ڈال کر ان کو نان پروٹیکٹڈ لسٹ میں شامل کرنے لگے جس سے (بقیہ نمبر 5 2)

لاہور: نیلا گنبد چوک میں طلبہ سائٹر پر پرانی کتابیں دیکھ رہے ہیں۔

ویمن افراد کی ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی، 2 افراد گرفتار

سرگودھا (این این آئی) ایف آئی اے نے انسانی سمگلنگ اور ویزا فراڈ میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی میں چھاپے مار کر دو افراد کو گرفتار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق ایف آئی اے کی ٹیم نے انسانی سمگلنگ اور ویزہ فراڈ میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی میں چھاپے مار کر دو افراد غلام حیدر اور حیوری لمین کو گرفتار کر لیا جن کو سرگودھا کے مختلف مقامات سے گرفتار کیا گیا اور بتایا گیا کہ ملزمان میں غلام حیدر نے فجری کو یونان بھجوانے کے لیے (بقیہ نمبر 5 0)

پلاسٹک ڈرم میں خاتون کی ہاتھ پاؤں بندھی تشدد زدہ لاش برآمد

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے شرافی گوٹھ میں غلیر نری کے پاس واقع سڑک پر پڑے ہوئے پلاسٹک کے ڈرم سے خاتون کی ہاتھ پاؤں بندھی تشدد زدہ چھلی ہوئی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق غلیر نری کے قریب روڈ پر پڑے ڈرم سے خاتون کی لاش برآمد ہے، سفاک ملزمان نے خاتون کی شناخت مٹانے کے لیے اس کو پھر بھی جلا دیا تھا۔ لاش کی اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر متعلقہ لاش ڈرم سے نکال (بقیہ نمبر 5 3)

ڈی ایس پی کی ملزمان کی گرفتاری کے دعوے

ایف آئی اے کی ٹیم کی ریڈ، ملزمان کی تلاش جاری

لاہور: ایف آئی اے ڈپٹی ڈائریکٹر کے رضا کار شہر میں آئل ٹینکر کو لے جانے والے ہوئے دو افراد کی تلاش کیلئے آپریشن میں مصروف ہیں، ایک لاش تلاش کر لی گئی۔

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات

پولیس کے 45 سے زائد افسران وجوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے

راولپنڈی (این ای این) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، راولپنڈی پولیس کے 450 سے زائد افسران وجوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیے، بیشتر افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک (بقیہ نمبر 4 3)

لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سید طلحہ کو کھر کھلی بکری میں شہریوں کے سوالات سن رہے ہیں

راولپنڈی، جواء کھیلنے والے 6 ملزمان گرفتار

داؤ پر لگی رقم 35 ہزار 420، 07 موبائل فون، تاش برآمد

راولپنڈی (این ای این) مندرہ پولیس نے تاش کے پتوں پر جوا کھیلنے والے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا، داؤ پر لگی رقم 35 ہزار 420 روپے، 07 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد ہوئے۔ ایس ایچ او محمد عرفان کھوکھر نے کہا کہ زیر حراست افراد کو خوش شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، قمار بازی دیگر معاشرتی برائیوں کی جڑ ہے۔

پی ٹی آئی نے 5 اراکین قومی اسمبلی کو پارٹی سے نکال دیا

اراکین قومی اسمبلی کے ناموں کے ساتھ وجوہات بھی نوٹیفکیشن میں جاری کر دیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے 5 منحرف اراکین قومی اسمبلی کو پارٹی سے نکال دیا اور باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بیرسٹر بی بی ٹی سیر بیرسٹر وہرنے منحرف اراکین اسمبلی کو پارٹی سے نکالنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا جس کے مطابق رکن قومی اسمبلی اور نشیمن خان بھی، تنویر الٰہی، عثمان علی، مبارک زیب اور الیاس چودھری کو پی ٹی آئی سے نکال دیا گیا ہے۔ اراکین قومی (بقیہ نمبر 4 4)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

راولپنڈی میں شدید بارشوں کی پیشگوئی ادارے ہائی الرٹ

15 جولائی سے 31 اگست تک سیلابی صورتحال کا امکان، محکمہ واسا نے عملے کی چھٹیاں منسوخ کر دی ہیں

نالے کی ڈیسیلٹنگ مانیٹرنگ کی جارہی ہے، ریلیف کیمپ قائم کر دیئے گئے ہیں، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار جیسے

راولپنڈی (این ای این) محکمہ موسمیات نے راولپنڈی شہر میں شدید بارشوں کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات نے راولپنڈی میں شدید بارشوں کی پیشگوئی کرتے ہوئے 15 جولائی سے 31 اگست تک سیلابی صورتحال کا خدشہ ظاہر کیا ہے اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی حسن وقار بیدار نے بتایا کہ شہر میں للہ زار کچی آبادی کو خالی کرا دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ مختلف نالوں کو 7 فلڈ ریلیف کیمپس بھی قائم کر دیئے ہیں جس میں خوراک، پانی، (بقیہ نمبر 5 4)

امریکا کی جانب سے اسرائیل کو تسلیم کرنے کا کوئی دباؤ نہیں

کرپٹو کرنسی میں سرمایہ کاری کے لیے پاکستان کے پاس وافر بجلی ہے، پاکستانی سفیر

ڈیلاس (این این آئی) امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ امریکا کی جانب سے اسرائیل کو تسلیم کرنے کا کوئی دباؤ نہیں۔ امریکی ریاست ٹیکساس کے شہر ڈیلاس میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رضوان سعید شیخ نے کہا کہ اسرائیل سے متعلق ہماری پالیسی قائداعظم کے نظریات کے مطابق ہے اور امریکا کی جانب سے اسرائیل کو تسلیم کرنے کا کوئی دباؤ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا سے تعلقات بہتری کی جانب گامزن ہیں جب کہ کرپٹو کرنسی میں سرمایہ کاری کے لیے پاکستان کے پاس وافر بجلی ہے۔ یاد رہے کہ ایران اسرائیل جنگ بندی کے بعد امریکا کے صدر ٹرمپ اور امریکا (بقیہ نمبر 5 5)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائیں گے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035